30/01/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیراعلیٰ

Meetings, Incentives, Conferences یعنی MICE وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ممبئی میں پروگرام کے حاشئے پر کھیل ، فیشن، کھان پان ، فن ، طب اور ٹیکنالوجی and Exhibitions جیسے شعبوں میں شراکت داری اور تعاون مضبوط کرنے کی غرض سے متعلقہ فریقین کے ساتھ الگ الگ میٹنگیں کی ۔

مشہور گالف کھلاڑی وِجے امرت راج سے ایک میٹنگ میں جموں کشمیر میں گالف ٹورازم اور بنیادی کھیل ڈھانچہ مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال ہوا ۔ عمر عبداللہ نے ٹیکسٹائل سیکٹر وِکاس کھنہ سے بھی میٹنگیں کی ۔ Chef سے وابستہ انیتا ڈونگرے اور مشہور

LG ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اُن نوجوانوں سے ملاقات کی ، جنہوننے 2025 کے وِکست بھارت یَنگ لیڈرس ڈائلاگ میں جموں کشمیر کی نمائندگی کی ۔ منوج سنہا نے قومی سطح کے اس پلیٹ فارم پر اپنے اختراعی خیالات کے لئے شاباشی پانے والوں کو مبارک باد دی ۔

اس دوران فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری آف انڈیا کے قومی صدر ڈاکٹر سنجے بنسل نے بھی ایل جی سے ملاقات کی ۔

بجٹ اجلاس

سرکار نے اس سال کا بجٹ اجلاس شروع ہونے سے قبل آج سبھی جماعتوں کی ایک میٹنگ طلب کی ہے ۔ امید ہے کہ میٹنگ میں بجٹ اجلاس کے بعض پہلووں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا ۔ واضح رہے کہ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن یکم فروری کو مالی سال 26-2025 کا میزانیہ پارلیمنٹ میں پیش کریں گی ۔

کشمیر وادی سے تعلق رکھنے والے ایک معروف صحافی اور اقتصادی معاملات کے ماہر ، ریاض مسرور نے اس حوالے سے آکاشوانی کو بتایا ۔

مہا کمبھ میلہ

اتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے کے دوران مچی بھگدڑ میں مرنے والوں کی تعداد تیس بتائی گئی ہے جبکہ اس حادثے میں 60 دیگر زخمی ہو گئے ہیں ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریندر مودی ،اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یو گی آدتیہ ناتھ اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس حادثے پر زبردست رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔

چیف سیکریٹری

جموں کشمیر یوٹی سے منشیات کی لعنت پر پوری طرح سے قابو پانے کے سرکار کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سبھی متعلقین سے تاکید کی ہے کہ وہ اس بارے میں ایک نتیجہ خیز انداز سے کام کریں ۔

سول سیکریٹریٹ جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے پولیس ، محکمہ صحت ، اسکولی تعلیم ، سماجی بہبود اور دیہی ترقیات کو اس بدعت سے متعلق جانکاری عام کرنے کے لئے سرگرمیوں کا ایک سالانہ کیلنڈر ترتیب دینے کی ہدایت دی ۔

پولیس

*.... جموں کشمیر پولیس نے الگ الگ کاروائیوں کے دوران مزید چار سمگلروں کو گرفتار کر لیا ہے ۔ پولیس پریس نوٹ کے مطابق سرینگر پولیس نے اویس مشتاق ڈار ساکن شیخ محلہ ایس آر گنج // اور مومن بلال کنو ساکن بانڈے کوچہ مہاراج گنج کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے ۔

*.... شوپیان پولیس نے بھی دو بدنام زمانہ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھی کچھ منشیات بر آمد کر لی ہے ، ان کے نام کیلر کے منیر احمد گنائی اور زینہ پورہ کے فیاض احمد لون بتائے گئے ہیں ۔

*.... دریں اثناءگاندربل پولیس نے گذشتہ ایک ہفتے کے دوران غیر قانونی طور پر معدنیات نکالنے میں ملوث 11 ٹِپروں کو ضبط کیا ہے ۔ اس دوران ہندواڑہ پولیس نے بائز ہائر سیکنڈری اسکول لنگیٹ میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔

چیف جسٹس

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس تاشی ربستان نے ضلع کورٹ کمپلیکس کٹھوعہ جوڈیشل اینکلیو کا افتتاح کیا جس میں جوڈیشل افسروں کے لئے پانچ ایپارٹمنٹ شامل ہیں . اس موقعہ پر کٹھو عہ کے ایڈمنسٹریٹیو جج رجنیش اوسوال اور عدلیہ اور انتظامیہ سے جُڑے کچھ دیگر عہدیدار بھی موجود تھے .

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

البتہ سرینگر سونہ مرگ روڈ بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا .

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ